HEART UK
THE CHOLESTEROL CHARITY

# آپ کا دل کس قدر صحت مند ہے؟

## ترسیل کار شریان کا بندشی عارضۂ قلب کیا ہے؟

ترسیل کا شریان کا بندشی عارضۂ قلب (Coronary heart disease، CHD) دل کے امراض کی عام ترین قسم ہے۔ UK[1] میں مقیم اندازاً 2.3 ملین افراد اس کا شکار ہیں۔ اس کے نتیجے میں بعض اوقات سینے میں درد یا جکڑن، سانس پھولنے، یا دل کی دھڑکن تیز ہونے – یعنی جس میں آپ کی حرکتِ قلب اچانک سے نمایاں طور پر تیز ہو جائے، ایسی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں – تاہم بعض لوگوں میں اس کی کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتیں۔

اس قسم کی دل کی بیماری کی وجہ بالعموم آپ کے دل کو خون کی ترسیل کرنے والی شریانوں کا بند یا تنگ ہو جانا ہے۔ ان رکاوٹوں سے دل کی جانب خون کے بہاؤ میں کمی آ سکتی ہے، جس کے باعث آپ کو دل کا دورہ پڑنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

## اس کی تشخیص کیسے ہوتی ہے؟

اگر آپ میں دل کے مرض کی علامات ظاہر ہوں، تو ممکن ہے کہ آپ کا ڈاکٹر آپ کی شریانوں کا معائنہ کرنے کے لیے آپ کو CT (کمپیوٹرائزڈ ٹوموگرافی) اسکین کروانے کی ہدایت کرے، یہ زیادہ تر ایکسرے کی طرح ہی ہوتا ہے تاہم یہ 3D میں ہوتا ہے۔

بعض صورتوں میں CT اسکین کافی ہوتا ہے۔ جبکہ بعض اوقات آپ کے ڈاکٹر کو آپ کی شریانوں کی درستگی کے بارے میں بخوبی جاننے کے لیے مزید معلومات درکار ہوتی ہیں۔

## HeartFlow تجزیہ کیسے کارآمد ہو سکتا ہے؟

HeartFlow تجزیہ ایک مزید تفصیلی غیر جراحتی ٹیسٹ ہے، جو کہ NHS انگلینڈ اور NHS کی بہتری کے لیے MedTech فنڈنگ مینڈیٹ کی پالیسی کا ایک حصہ تشکیل دیتا ہے، جس کی فراہمی AHSN نیٹ ورک کرتا ہے۔ اس میں آپ کی شریانوں کا 3D نقشہ تیار کرنے کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جاتا ہے اور کوئی بھی بند یا تنگ جگہیں اس میں ظاہر ہو جاتی ہیں۔ اس میں خون کے بہاؤ کا تجزیہ کیا جاتا ہے تاکہ آپ کے ڈاکٹر کو یہ طے کرنے میں مدد مل سکے کہ آیا آپ کے دل کو درکار خون اور آکسیجن اسے مل رہی ہے یا نہیں۔

نتائج سے آپ اور آپ کے ڈاکٹر کو ایسی مفید معلومات ملتی ہیں جنہیں آپ اپنے علاج کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

HEART UK
THE CHOLESTEROL CHARITY

Accelerated
Access
Collaborative



## HeartFlow تجزیہ کیسے کام کرتا ہے؟

1 آپ کی شریانوں میں بندش کی جانچ کرنے کے لیے آپ کا ڈاکٹر آپ کو **CT اسکین** کروانے کی ہدایت دے گا۔ اگر اسکین میں بیماری کی علامات ظاہر ہوں، تو وہ HeartFlow تجزیے کی ہدایت کر سکتے ہیں۔

2 HeartFlow کے تربیت یافتہ ماہرین کمپیوٹر پر آپ کی شریانوں کی 3D تصویر بنانے کے لیے آپ کے **CT اسکین** کا استعمال کرتے ہیں۔

3 اس کے بعد آپ کے دل کی جانب خون کے بہاؤ کو متاثر کرنے والی رکاوٹ کی شرح کو غیر جراحتی طور پر جانچنے کے لیے حسابی مائعاتی حرکیات (Computational fluid dynamics) کا استعمال کیا جاتا ہے۔

4 چند گھنٹوں کے اندر، آپ کا ڈاکٹر آپ کی شریانوں اور خون کے بہاؤ کا رنگین کوڈڈ 3D ماڈل حاصل کرے گا۔ اس سے آپ کو اور آپ کے ڈاکٹر کو آپ کے علاج کی منصوبہ بندی کے اگلے مراحل سے متعلق فیصلہ کرنے کے لیے درکار معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں کہ آیا HeartFlow آپ کے لیے درست ہے۔ مزید جاننے کے لیے، **heartflow.com** یا **heartuk.org.uk** ملاحظہ کریں۔

ایکسیلیریٹڈ ایکسیس کولیبوریٹیڈ (ACC) انڈسٹری، حکومت، تنظیم کاروں، مریضوں اور NHS کی آپس میں ایک منفرد نوعیت کی شراکت داری ہے، جو رکاوٹوں کو ختم کرنے اور نئے اختراعی علاجوں اور تشخیصات کو متعارف کروانے کے عمل کو تیز تر کرنے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں، جس سے نگہداشتی عمل میں تبدیلی آ سکتی ہے۔ ACC کی مریضوں اور عوامی شمولیت کی ٹیم نے ہارٹ UK کے ساتھ مل کر ایک ویبینار کی میزبانی کی، تاکہ HeartFlow کے حوالے سے مریضوں میں آگہی پیدا کی جا سکے۔

HeartFlow® | west midlands ACADEMIC HEALTH SCIENCE NETWORK | Accelerated Access Collaborative

A331 E Evelyn Ave | Mountain View, CA 94041 | United States | ph: +1.650.241.1221
*Image is not representative of actual product.

1 British Heart Foundation. (2018). CVD Statistics – BHF UK Factsheet. Retrieved from hiips://www bhf org.uk.
The HeartFlow Analysis is intended to support the functional evaluation and assessment of coronary artery disease by qualified clinicians.
© 2018 HeartFlow, Inc. All rights reserved. HeartFlow and the HeartFlow logo are among the trademarks of HeartFlow, Inc. The HeartFlow FFRCT Analysis has received FDA clearance, is CE-marked, and is commercially available in the United States, Europe, Japan, and Canada.

HEART UK THE CHOLESTEROL CHARITY

© HEART UK 2023 | Charity Registration No: 1003904